Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ | عوام کی بے ساختہ للکار | ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

جلد 15 | 8 محرم الحرام، 5 اپریل 2024ء، 25 رمضان المبارک 1445ھ، قیمت 10 روپے | شمارہ 28

ٹی ٹی پی یا دیگر دہشتگرد گروپوں سے کوئی مذاکرات نہیں کر رہے، پاکستان

افغان مہاجرین کی جلد باعزت واپسی کے خواہشمند ہیں، بشام حملے کی تحقیقات جاری ہیں، غزہ میں انسانی حقوق کی پامالی عالمی برادری کیلئے لمحہ فکریہ ہے

اسرائیل کو عالمی عدالت انصاف کے احکامات سے روگردانی پر زیر احتساب لایا جائے، مقبوضہ کشمیر کے مسئلے کا حل کشمیری عوام کی خواہشات، اقوام متحدہ قراردادوں کے مطابق چاہتے ہیں، ترجمان دفتر خارجہ کی بریفنگ

وزیراعظم شہباز شریف وفاقی کابینہ کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

اسلام آباد (انٹرنیوز) ترجمان دفتر خارجہ ممتاز زہرا بلوچ نے کہا ہے کہ ٹی ٹی پی یا دیگر دہشت گرد گروپوں سے کوئی مذاکرات نہیں کر رہے، افغان مہاجرین کی جلد باعزت واپسی کے خواہشمند ہیں، بشام حملے کی تحقیقات جاری ہیں، جرم کی دہشت گردی کے خاتمے کے خواہاں ہیں، غزہ میں انسانی حقوق کی پامالی عالمی برادری کیلئے لمحہ فکریہ ہے، اسرائیل کو عالمی عدالت انصاف کے احکامات سے (بقیہ نمبر 1)

وزیراعلیٰ پنجاب سے صدر لیگ آزاد کشمیر کی ملاقات

نون لیگ کی حکومت پنجاب میں بائیدار ترقی کے لئے انتظامی منصوبے لا رہی ہے

پنجاب بھر میں 600 سڑکوں کی تعمیر و مرمت، 15 ایکسپریس وے اور 3 موٹروے بنائیں گے، مریم نواز کی لاہور (اے ایف پی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے صدر مسلم لیگ ان آزاد کشمیر کے صدر شاہ محمد قادر نے ملاقات کی۔ صدر مسلم لیگ ان آزاد کشمیر دینا بھر میں وزیراعلیٰ پنجاب کا منصب سنبھالنے پر مبارکباد دی، ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ (بقیہ نمبر 2)

عید کے بعد مینڈھا ڈھانڈی کیخلاف احتجاج کا اعلان

ہم عید کے بعد بھرپور تحریک چلائیں گے اور ہم اگلے اجلاس میں جلسوں کا شیڈول جاری کریں گے، اسد قیصر

راولپنڈی (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف نے عید کے بعد انتخابات میں مینڈھا ڈھانڈی کے خلاف احتجاج کا اعلان کر دیا۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے رہنما پی ٹی آئی اسد قیصر نے کہا کہ ہم عید کے بعد بھرپور (بقیہ نمبر 5)

وفاقی حکومت نے عید کی چھٹیوں کا اعلان کر دیا

عید تعطیلات 10 سے 12 اپریل اور 6 روز کام کرنے والے دفاتر میں 10 سے 13 اپریل تک چھٹیاں ہوں گی

اسلام آباد (آئی آئی پی) پاکستان سمیت دنیا بھر میں آئندہ ہفتے عید الفطر کا تہوار جوش و جذبے سے منایا جائے گا وفاقی حکومت نے عید کی چھٹیوں کا اعلان کر دیا۔ وفاقی حکومت آئندہ ہفتے عید الفطر کی چھٹیوں (بقیہ نمبر 4)

غیر حاضر ڈاکٹروں کو ملازمت سے برطرف کرنے کا فیصلہ

محکمہ صحت خیبر پختونخوا کے مطابق ڈی جی ہیلتھ نے ڈیوٹی سے غیر حاضر ڈاکٹروں کو آخری نوٹس جاری کر دیئے ہیں

پشاور (اے ایف پی) خیبر پختونخوا حکومت نے طویل عرصے سے غیر حاضر ڈاکٹروں کو ملازمت سے برطرف کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ محکمہ صحت خیبر پختونخوا کے مطابق ڈی جی ہیلتھ نے ڈیوٹی سے غیر حاضر ڈاکٹروں کو آخری (بقیہ نمبر 3)

خطوط میں موصول ہونیوالے مشکوک پاؤڈر کے معاملے کی تحقیقات جاری ہیں، اس معاملے پر سیاست نہیں ہونی چاہیے

ججز کو ملنے والے دھمکی آمیز خطوط کی تحقیقات کرائینگے

شہباز شریف

حکومت پوری ذمہ داری سے تحقیقات کرائے گی، معاشی ترقی، غربت اور بیروزگاری میں کمی لانے کے لئے دن رات کام کرنا ہوگا، وائی ایم ایف سے رواں ماہ سٹینڈ بائی معاہدے کی 1.9 ارب ڈالر کی قسط موصول ہو جائیگی

معاشی استحکام کے لئے آئی ایم ایف کا ایک اور پروگرام ضروری ہے، ایف بی آر کی ڈیجیٹائزیشن کے لیے کنسلٹنٹس رواں ماہ تعینات کر دیئے جائیں گے، پی آئی اے کی نجکاری شیڈول کے مطابق ہوگی، وفاقی کابینہ کے اجلاس میں گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ ججز کے خط پر سپریم کورٹ از خود کارروائی کر رہی ہے خطوط میں موصول ہونے والے مشکوک پاؤڈر کے معاملے کی تحقیقات جاری ہیں، اس معاملے پر سیاست نہیں ہونی چاہیے، حکومت پوری ذمہ داری سے معاشی ترقی، غربت اور بیروزگاری میں کمی لانے کے لئے دن رات کام کرنا ہوگا، وائی ایم ایف سے رواں ماہ سٹینڈ بائی معاہدے کی 1.9 ارب (بقیہ نمبر 8)

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے ورلڈ بینک کے کنٹری ڈائریکٹر نابے بن ہاسن ملاقات کر رہے ہیں

پی ٹی آئی نے عمران کے نئے فوکل پرسنز کا اعلان کر دیا

بیرسٹر گوہر نے عمران خان نے نئے فوکل پرسنز کا اعلان کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق بیرسٹر گوہر نے پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے سابق وزیراعظم عمران خان کے (بقیہ نمبر 7)

امریکی سفارت خانے کے وفد کا اڈیالہ جیل کا دورہ

نور مقدم کو قتل کرنے کے جرم میں قید ظاہر جعفر سے ملاقات کی

راولپنڈی (این این آئی) امریکی سفارت خانے کے وفد کی اڈیالہ جیل میں شامل کیا ہے۔ نور مقدم کو قتل کرنے کے جرم میں قید ظاہر جعفر سے ملاقات کی۔ اسلام آباد میں امریکی سفارت خانے کے وفد نے اڈیالہ جیل کا دورہ کیا، امریکی سفارتی خانہ کے وفد کو جرم ظاہر جعفر کے قصور رسائی دی گئی۔ امریکی سفارت خانہ کے وفد کی وفد کی بھرم ظاہر جعفر سے (بقیہ نمبر 6)

بھٹو عدالتی قتل ملک کیخلاف گھناؤنی سازش تھی، آصف زرداری

قائد عوام نے پاکستان کو دنیا کے باوقار ممالک کی صف میں شامل کیا اب مشن کے نگہبان بلاول بھٹو زرداری ہیں

عدالتی قتل دراصل تیز رفتاری سے ترقی کرنیوالے ملک کی پیٹھ میں خنجر گھونپنے کی طرح تھا، صدر مملکت

اسلام آباد (انٹرنیوز) صدر آصف زرداری نے کہا ہے کہ بھٹو کا عدالتی قتل پاکستان کیخلاف گھناؤنی سازش تھی، پتا نہ تھا کہ ہم نے پاکستان کو دنیا کے باوقار ممالک کی صف میں شامل کیا اب مشن کے نگہبان بلاول ہیں۔ تفصیلات کے مطابق سابق وزیراعظم ذوالفقار علی بھٹو کے یوم شہادت اور خود تاری کے (بقیہ نمبر 9)

سکولوں میں طلبہ کی گھوسٹ انرولمنٹ پر تشویش کا اظہار

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے پانچویں کلاس کے طلبہ کو ڈیہ بند ٹیبلیٹ دینے کے پراجیکٹ کا حتمی پلان طلب کر لیا

سرکاری سکولوں میں کمپیوٹر لیب اور لائبریری کا لازمی ہونی چاہیے، وزیراعلیٰ پنجاب کے زیر صدارت جائزہ اجلاس

لاہور (آئی آئی پی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے پانچویں کلاس کے طلبہ کو ڈیہ بند ٹیبلیٹ دینے کے پراجیکٹ کا حتمی پلان طلب کر لیا۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کے زیر صدارت سکول ایجوکیشن ریفارمز کا جائزہ اجلاس ہوا، اجلاس میں نان پرفارمنگ 13 ہزار سرکاری سکولوں میں آئندہ 3 ماہ میں اصلاحات لانے کا فیصلہ کیا گیا۔ اجلاس میں وزیراعلیٰ نے 13 ہزار نان پرفارمنگ سکولوں (بقیہ نمبر 10)

اسلام آباد: پاک فضائیہ کے سربراہ، ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو نے صدر آصف علی زرداری سے ایوان صدر میں ملاقات کی

ٹوبہ ٹیک سنگھ میں لڑکی کا قتل: عدالت نے مقتولہ کے دوسرے بھائی، بھابھی کو جیل بھیج دیا

ٹوبہ ٹیک سنگھ (این این آئی) ٹوبہ ٹیک سنگھ کی عدالت نے باپ اور بھائی کے ہاتھوں لڑکی کے قتل کیس میں مقتولہ کے دوسرے بھائی شہباز اور بھابھی سمیرا کو جیل بھیج دیا۔ مارچ کے کیس کے ملزمان علاقہ گجرات کے سامنے پیش ہوئے، سمیرا اپنی تین ماہ کی بچی کے ہمراہ پیش ہوئی۔ عدالت نے مقتولہ کی بھائی شہباز اور بھابھی سمیرا کو جیل بھیج (بقیہ نمبر 2)

عدالت کا شیریں مزاری کا نام ای سی ایل سے نکالنے کا حکم

شیریں مزاری 190 ملین پاؤنڈ ٹیپ کیس میں ملزم نہیں ہیں، نیب پراسیکیوٹر ایگزٹ کنٹرول لسٹ (ای سی ایل) سے نکالنے کا حکم دے دیا۔ (بقیہ نمبر 11)

اسلام آباد (اے ایف پی) اسلام آباد ہائی کورٹ نے سابق وفاقی وزیر شیریں مزاری کا نام ای سی ایل سے نکالنے کا حکم دے دیا۔ (بقیہ نمبر 11)

پاکستان ہر عالمی فورم پر فلسطینی عوام کے لئے آواز اٹھاتا رہے گا

غزہ کے عوام کے لئے امداد کی مزید ایک قسط عید کے بعد بھیجی جائے گی، شہباز شریف

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے فلسطین سفیر عبدالعزیز دلایا سے کہا کہ پاکستان ہر عالمی فورم پر فلسطینی عوام کے ساتھ تجدید کے لئے آواز اٹھاتا (بقیہ نمبر 2)

آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کا سنٹرل پولیس آفس میں پروموٹ ہونے والے انسپکٹرز کے بچوں کے ہمراہ گروپ فوٹو

یوتھ لون پروگرام کا دائرہ کار وسیع کر رہے ہیں، رانا مشہود

آئی ٹی کو 15 سے 25 ارب ڈالر کی انڈسٹری بنانا وزیراعظم کا ویژن ہے، نوجوان محنت کریں گے تو ثمرات کی بنیاد پر صلہ ملے گا

پاکستان ایجوکیشن انڈومنٹ فنڈ قائم کر کے دائرہ کار پورے ملک تک پھیلایا جائے گا، میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (انٹرنیوز) چیئرمین وزیراعظم یوتھ لون پروگرام رانا مشہود نے کہا کہ ملک کو بہت سے چیلنجز کا سامنا ہے۔ یوتھ لون پروگرام کا دائرہ کار وسیع کر رہے ہیں، آئی ٹی کو 15 سے 25 ارب ڈالر کی انڈسٹری بنانا وزیراعظم کا ویژن ہے، پاکستان ایجوکیشن انڈومنٹ فنڈ قائم کر کے دائرہ کار پورے ملک تک پھیلایا جائے گا۔ تفصیلات کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف نے بیجنگ چارٹر آف اسکائی کی بات کی (بقیہ نمبر 7)

سیکرٹری پنجاب اسمٰعیل ملک محمد خان اوکاڑہ ریسیو ایشن کے نواحی محمد یاران سے طلب رابطہ کر رہے ہیں

پریس کورٹ، ہائیکورٹ ججز کو دھمکی آمیز خطوط ایک ہی جگہ سے موصول

خطوط پر اسٹیمپ سپ ڈویژنل پوسٹ آفس سیٹلائٹ ٹاؤن کی ہے

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ اور اسلام آباد ہائی کورٹ کے ججز کو موصول دھمکی آمیز خطوط کی تفتیش اسلام آباد پولیس بھگہ انسداد دہشت گردی (سی ٹی ڈی) (بقیہ نمبر 24)

بشریٰ بی بی کو کھانے میں زہر دینے کے کوئی اثرات نہیں، ڈاکٹر عاصم

اسلام آباد (این این آئی) سابق خاتون اول بشریٰ بی بی کے معالج ڈاکٹر عاصم نے کہا ہے کہ بشریٰ بی بی کو کھانے میں زہر دینے کے کوئی اثرات نہیں ملے۔ ہائی کورٹ میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بشریٰ بی بی کے حصے میں ابھی بھی بلمن ہے لیکن ابھی ان کی طبیعت بہتر ہے۔ انہوں (بقیہ نمبر 23)

سپریم کورٹ، ہائیکورٹ ججز کو دھمکی آمیز خطوط ایک ہی جگہ سے موصول

خطوط پر اسٹیمپ سپ ڈویژنل پوسٹ آفس سیٹلائٹ ٹاؤن کی ہے

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ اور اسلام آباد ہائی کورٹ کے ججز کو موصول دھمکی آمیز خطوط کی تفتیش اسلام آباد پولیس بھگہ انسداد دہشت گردی (سی ٹی ڈی) (بقیہ نمبر 24)

چینی باشندوں کی فول پروف سکیورٹی یقینی بنائیں گے، مریم نواز

لاہور میں چینی قونصلیٹ جا کر شاٹگن حملے میں چینی انجینئر زکی وفات پر تعزیت کی

لاہور (اے ایف پی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے کہا ہے کہ چینی باشندوں کی فول پروف سکیورٹی یقینی بنائیں گے۔ وزیراعلیٰ پنجاب نے لاہور میں چینی قونصلیٹ جا کر شاٹگن حملے میں چینی انجینئر زکی وفات پر تعزیت کی، مریم نواز نے لاہور میں چینی قونصل (بقیہ نمبر 13)

آئندہ مالی سال کے لیے تیار سالانہ ترقیاتی پروگرام کی تشکیل

محکمہ بہبود آبادی پنجاب کے صوبہ بھر میں مردوں کی شمولیت کے لیے مرد خاندانی بہبود کے مراکز کا قیام

سالانہ ترقیاتی پروگرام کے تحت انسانی ترقی اور خدمات کی فراہمی کے بنیادی ڈھانچے کو مزید مضبوط بنایا جائے گا، محکمہ میں جاری ترقیاتی کاموں میں پیش رفت پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے پی ڈبلیو ڈی کی منصوبوں کے لیے تمام مسائل اپریاز کو شامل کرنے کی ہدایت کی۔ سالانہ ترقیاتی پروگرام (بقیہ نمبر 4)

محکمہ بہبود آبادی پنجاب کی ڈائریکٹر جنرل ثمن رائے نگہانہ اجلاس سے خطاب کر رہی ہیں

بناسپتی گھی اور خوردنی تیل کی قیمتوں میں ماہانہ بنیادوں پر کمی

ملک میں 5 کلو کوکنگ آئل کی اوسط قیمت 2652.88 روپے ریکارڈ

لاہور (این این آئی) مارچ کے دوران ملک میں بناسپتی گھی اور خوردنی تیل کی قیمت میں عمومی کمی کا رجحان دیکھا گیا۔ اعداد و شمار کے مطابق مارچ 2024ء میں (بقیہ نمبر 18)

خانہ بدوش بچی کار سوار کی تیز رفتاری کی بھینٹ چڑھ گئی

بچی اپنی جھگی کے سامنے سڑک کنارے کھیل رہی تھی کہ کار نے کچل دیا

راجووال (این این آئی) تیز رفتار کار سوار نے خانہ بدوش معصوم بچی مار چوک کے قریب تیز زن (بقیہ نمبر 19)

لاہور کیس بار کے صدر شہباز صدیق کی قیادت میں لاہور کیس بار اور پاکستان کیس بار کے وفد کا چیف کمشنر سعد یہ رسف گیلانی سے ملاقات کے موقع پر گروپ فوٹو

سوئی ناردرن کی مختلف علاقوں میں گیس چوری کیخلاف کارروائی

پنجاب، خیبر پختونخوا اور اسلام آباد میں مزید 34 گیس کنکشن منقطع، اور 17 لاکھ سے زائد کے جرمانے عائد

راولپنڈی میں گیس کے غیر قانونی استعمال پر 2 کنکشن منقطع مزید گیس چوروں کو 1 لاکھ کے جرمانے بھی عائد کئے گئے

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) سوئی ناردرن کے تحت پنجاب، خیبر پختونخوا اور اسلام آباد کے مختلف علاقوں میں گیس چوری کے خلاف جاری کریک ڈاؤن کے دوران مزید 34 گیس کنکشن منقطع کر دیے، 17 لاکھ سے زائد کے جرمانے عائد کیے گئے۔ سوئی ناردرن گیس نے لاہور میں گیس کے غیر قانونی استعمال پر 6 گیریلو کنکشن منقطع کیے، مزید گیس چوروں کے خلاف 1 ایف آئی آر بھی درج کروائی اور 3 لاکھ کے جرمانے بھی عائد کئے گئے۔ راولپنڈی میں گیس کے غیر قانونی استعمال پر 2 کنکشن منقطع مزید گیس چوروں کو 1 لاکھ کے جرمانے عائد کئے گئے۔ ملتان میں ریجنل ایم نے گیس کے غیر قانونی استعمال پر 3 کنکشن منقطع کیے مزید گیس چوروں کو 0.8 ملین سے زائد کے جرمانے بھی عائد کئے گئے۔ ساہیوال میں گیس کے غیر قانونی استعمال (بقیہ نمبر 15)

فیڈرل کیپ اسٹون کے فاتحین کی انعامی تقسیم کی تقریب

نیوٹیک کے طلباء کئی تمغے اپنے نام کرنے میں کامیاب

قابلیت اور مہارت کے شاندار مظاہرہ میں، نیوٹیک کے طلباء نے سول اور لائیو سٹیگیری میں پہلی پوزیشن حاصل کی

نیوٹیک طلباء کو انجینئرنگ کے شعبے میں مستقبل کے رہنما اور علمبردار بننے کی ترغیب اور آراستہ کرنا جاری رکھے ہوئے ہے

لیفٹیننٹ جنرل منظم اعجاز (ر) ریکٹر نیوٹیک نے تقریب کے انعقاد میں پاکستان انجینئرنگ کونسل کی ٹیم کی انتھک کوششوں کو سراہا

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) نیوٹیک (نیشنل نیو ٹیکنالوجی آف ٹیکنالوجی، اسلام آباد) کے طلباء پاکستان انجینئرنگ کونسل کے زیر اہتمام فیڈرل کیپ اسٹون جیتنے والے انعامات کی تقسیم کی تقریب میں اپنی ذہانت اور صلاحیتوں کا لوہا منوانے میں کامیاب۔ قابلیت اور مہارت کے شاندار مظاہرہ میں، نیوٹیک کے طلباء نے سول اور لائیو سٹیگیری میں پہلی پوزیشن حاصل کی، جبکہ کمپیوٹر اور لائیو پروجیکٹس میں بھی پہلی اور دوسری پوزیشن حاصل کی۔ ان کی شاندار کارکردگی نے انجینئرنگ کی اگلی نسل کی پرورش اور بااختیار بنانے کے لیے نیوٹیک کے عزم کو واضح کیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مہمان خصوصی لیفٹیننٹ جنرل منظم اعجاز (ر) ریکٹر نیوٹیک نے تقریب کے (بقیہ نمبر 25)

نیوٹیک (نیشنل نیو ٹیکنالوجی، اسلام آباد) کے طلباء پاکستان انجینئرنگ کونسل کے زیر اہتمام فیڈرل کیپ اسٹون جیتنے والے انعامات کی تقسیم کی تقریب کے موقع پر مہمان خصوصی لیفٹیننٹ جنرل منظم اعجاز (ر) ریکٹر نیوٹیک خطاب کر رہے ہیں

پاکستان سے سکیورٹی پارٹنرشپ بڑھانے کیلئے کام جاری رکھیں گے، امریکا

بین الاقوامی امداد افغان باشندوں تک پہنچ جائے جنہیں ضرورت ہے، مینتھیو ملر

واشنگٹن (این این آئی) امریکی محکمہ خارجہ نے کہا ہے کہ امریکا اور پاکستان کی سکیورٹی پارٹنرشپ کو بڑھانے کیلئے کام جاری رکھیں گے۔ نیوز بریفنگ کے دوران مینتھیو ملر نے زور دیا کہ افغانستان کو بھی جانے والی بین الاقوامی امداد افغان باشندوں تک پہنچ جائے جنہیں ضرورت ہے۔ جب مینتھیو ملر سے وزیراعظم شہباز شریف کی جانب (بقیہ نمبر 20)

بشریٰ بی بی کا تفصیلی میڈیکل چیک اپ کوئی مشورہ نہیں ملا، عظمیٰ بخاری

موجودہ حالات میں میری خاموشی زیادہ اہم ہے، شیخ رشید

میں ہار گیا اور الیکشن میں نے تسلیم بھی کر لیا جو جیتے ہیں ان سے پوچھیں، گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) عوامی مسلم لیگ کے سربراہ اور سابق وفاقی وزیر شیخ رشید نے کہا ہے کہ موجودہ حالات میں میری خاموشی زیادہ اہم ہے۔ ڈسٹرکٹ کورٹ اسلام آباد میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ حوصلے، صبر، استحکام اور خاموشی کے ساتھ ان سارے معاملات کو ڈیل کرنا چاہیے۔ شیخ رشید نے کہا کہ 19 کنسر ہیں، اللہ اللہ (بقیہ نمبر 21)

خالفین کو عقوبت خانوں اور موت کی چکیوں میں ڈالنے والا 7 عدد سیل میں بادشاہوں کی طرح رہ رہا ہے

میڈیکل ٹیم کے چیک اپ کے بعد یہ واضح ہوگیا دونوں میاں بیوی عادتاً جھوٹے ہیں، تھوڑا احسان کرنا چاہئے وزیر اطلاعات پنجاب

لاہور (این این آئی) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ پمز ہسپتال کے چار سینئر ڈاکٹرز نے بشریٰ بی بی کا تفصیلی میڈیکل چیک اپ کیا، میڈیکل چیک کے دوران زہر دینے یا ہارٹ کے قصر کے کوئی میاں بیوی عادتاً جھوٹے ہیں، شواہد نہیں ملے۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ بشریٰ بی بی کی کشکول گئی کھانے میں مرغن زیادہ تھی، بشریٰ بی بی اور بانی پی ٹی آئی نے الگ الگ بیانات دے کر خود کو مشکوک اور جھوٹے ثابت کیا۔ میڈیکل ٹیم کے چیک اپ کے بعد یہ واضح ہو گیا دونوں میاں بیوی عادتاً جھوٹے ہیں، بشریٰ بی بی کی تو زبان پارک میں رہتے ہوئے بھی زہر کی باتیں کرتا تھا، بشریٰ بی بی کو جھوٹ بولنے تھوڑا سا احساس کرنا چاہیے، آپ دونوں میاں بیوی شاہانہ انداز میں شاہی جیل کاٹ رہے ہیں۔ عظمیٰ بخاری نے کہا کہ خالفین کو عقوبت خانوں اور موت کی چکیوں میں ڈالنے والا 7 عدد سیل میں بادشاہوں (بقیہ نمبر 16)

روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی Daily Awami Lalkaar Rawalpindi
عوام کی سچی ساتھ لنگار
بانی: کامریڈ حسن عسکری رضوی
ایڈیٹوریل ایڈیٹر روبینہ فیصل

ایڈیٹوریل پیج

بے گناہ فلسطینیوں کی نسل کشی

مظلوم، نہتے، معصوم بچوں، خواتین اور بے گناہ مسلم فلسطینیوں کی نسل کشی اوغاصب عالم بالخصوص مسلم دنیا کی بے حسی اور خاموش تماشائی کا کردار سوالیہ نشان بن چکا ہے پوری دنیا کے مسلمان خاص کر جزیرہ عرب کا اپنے بھائیوں کے خون کی ہولی میں بلواسطہ شراکت ہماری پستی میں گرنے کی کھلی علامت ہے ہم کس منہ سے روز محشر میں اس قتل عام کے جوابدہ ہونگے ایک جانب اسرائیل ہماری شہ رگ کاٹ رہا ہے اور ہم زیادہ سے زیادہ مذمت، تعزیت اور جنگ بندی کی کھوکھلی اپیلوں سے آگے بات نہیں کر پا رہے حالانکہ ہمیں مذمت کے بجائے مرمت، تعزیت کے بدلے اسرائیل کی ناکہ بندی اور جنگ بندی کے بجائے جہاد فی سبیل اللہ کرنا چاہیے صرف ان بی عملی کاموں کے ذریعے ہم مظلوم فلسطینیوں کے ساتھ کھڑے ہونا کا شرف حاصل کر سکتے ہیں۔ فلسطینوں کی نسل کشی اور ظلم وتشدد کے حوالے سے اپنے جاری کردہ بیان میں کیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ جنگ کو شروع ہوئے چھ ماہ سے زائد ہو چکے ہیں لیکن رمضان المبارک جیسے بابرکت ماہ بھی اسرائیل کی سفاکیت کم نہ ہوسکی اور تو اور مسلم دنیا کی غلامی اور اسکی گراوٹ کا اس بات سے اندازہ لگانا کافی ہوگا کہ اگر یمن کے ''حوثی'' مسلمانوں نے اسرائیل جانے والی سمندری رسد کو کاٹ کر رسد کو توڑا جس سے اسرائیل از خود جنگ بندی پر مجبور ہوا لیکن اقوام عالم کے ساتھ ساتھ کر بالخصوص مسلم دنیا کے کئی ممالک نے بھی یمن کے ''حوثی'' مسلموں پر حملہ کر کے اسرائیل کی رسد میں حائل رکاوٹوں کو دور کرنے میں کلیدی کردار ادا کیا جو یقیناً مسلم دنیا کے لیے انتہائی شرم اور ذلت کا مقام اور لمحہ فکریہ ہے۔ اسرائیل افواج قتل عام روکنے کیلئے اقوام متحدہ کی سیکورٹی کونسل پر عمل سے بھی گریزاں ہے جو صرف غزہ میں 32 ہزار سے زائد معصوم بچوں کو شہید کر چکا ہے جبکہ دیگر فلسطین بھائی بہن کی تعداد اس سے بھی کہیں زیادہ ہے مجروروں کی نمائندہ آوازاں سطور کے ذریعے دنیا کی امن اور انصاف پسند اقوام سے پرزور اپیل کرتی ہے کہ وہ اسرائیل کی دہشت گردی کے خلاف اس کا مکمل بائیکاٹ کریں اور اسکو مجبور کریں وہ واپس جائے اور اس مقدس سرزمین پر خون کی ہولی کھیلنے کا عمل ترک کر کے فلسطینی مسلمانوں کو بھی جینے کا انسانی، قانونی حق دے۔ دنیا کی عام عوام اور مسلمان عوام اس وقت سخت دکھ اور تکلیف میں ہیں مگر دنیا کے حکمران اور غلام مسلم حکمرانوں نے اپنے ضمیر کا سودا دولت، عیاشی، حکمرانی عوض گروی رکھ چھوڑا ہے جس کے باعث آج یہ صرف فلسطینی عوام بلکہ مسلم دنیا ہر سو سوا ہو رہی ہے۔

مچھلی نہیں، کانٹا دیجیے

رفیع صحرائی

گزشتہ سال سوشل میڈیا پر دہلی کے وزیر اعلیٰ اروید کیجریوال کی ایک تقریر کرتے ہوئے ویڈیو وائرل ہوئی تھی جس میں وہ بتا رہے تھے کہ دہلی کے سرکاری سکول اعتماد نہ ہو گئے ہیں کہ ان کا بارہویں جماعت کا رزلٹ 99.7 صد رہا ہے جس کا مثبت نتیجہ یہ نکلا ہے کہ سال رواں میں 4 لاکھ طالب علموں نے پرائیویٹ سکولوں کو خیرباد کہہ کر سرکاری سکولوں میں داخلہ لیا ہے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ سرکاری سکولوں میں جماعت نہم سے لے کر بارہویں جماعت تک برنس کرنا سکھایا جاتا ہے۔ بارہویں جماعت کے بچوں کو دو دو ہزار روپے فی کس دیے جاتے ہیں کہ ان سے اپنا بزنس شروع کرو۔ وہ انفرادی یا گروپی طور پر بزنس شروع کرتے ہیں۔

کیجریوال نے ایک مثال دیتے ہوئے کہا کہ پانچ بچوں نے دس ہزار روپے لگا کر ایک ڈبہ بنائی جو کمائی کی طرح ہے لیکن اس میں کیلیں نہیں ہے۔ یہ ایک نیوٹریشن ڈرنک ہے۔ اس بزنس کو شروع کرنے والے طلبہ نے 6 ماہ میں دس ہزار روپے لگا کر ڈھائی لاکھ روپے کمائے۔ انہوں نے اوینٹرز سے رابطہ کیا تو انہیں ستر ہ لاکھ اٹھتیس ہزار کی اوینسٹمنٹ مل گئی۔

آٹھ بچوں کے ایک اور گروپ نے سولہ ہزار روپے کی مدد سے ایک شی جم کا پیسٹ (Bone Meal) بنایا۔ اسے پیک کر کے ایک سولہ لاکھ کی اوینسٹمنٹ مل گئی۔ انہوں نے بتایا کہ یہ طلبہ انٹرنیٹ پر جاتے ہیں۔ اپنا ویب سائٹ بناتے ہیں اور مال انٹرنیٹ پر فروخت کے لیے پیش کرتے ہیں۔

کیجریوال نے ایک اور مثال دیتے ہوئے کہا کہ چھ بچوں نے بارہ ہزار روپے سے گیمنگ پلیٹ فارم بنایا۔ انہوں نے چھ ماہ میں ڈیڑھ لاکھ روپے کا مال بیچا۔ انہیں اضارہ لاکھ روپے کا اوینسٹمنٹ ملا۔

ظاہری بات ہے جب یہ بچے پیچ کاری کر کے کیلیں تو کے تو نہیں لگتی نہیں دھوڑی پڑے گی۔ ان کے پاس اپنے بزنس آئیڈیاز ہوں گے۔ یہ بہت بڑی بات ہے۔ یہ ایک ایسی ڈیٹ تبدیلی ہے جو سوب پر اور پورے ملک میں معاشی انقلاب برپا کر دے گی۔

اروینڈ کیجریوال سیاست میں آنے سے پہلے بیوروکریٹ تھے مگر نظام بدلنے کی خواہش نے انہیں استعفیٰ دے کر سیاست میں آنے پر مجبور کر دیا۔ انہوں نے عام آدمی پارٹی بنائی اور دہلی سے سیاست کا آغاز کر دیا۔

عوام نے ان کی پالیسیوں سے اتفاق کیا اور اس وقت وہ تیسری مرتبہ دہلی کے وزیر اعلیٰ کے عہدے پر فائز ہیں۔ انہوں نے اپنے صوبے میں لوڈشیڈنگ ختم اور بجلی مفت کر دی ہے۔ انہوں نے سرکاری سکولوں، ہسپتالوں اور سڑکوں کو شاہانہ حالی سے نکال کر جدید بنا دیا ہے۔ دہلی میں عوام کے لیے تعلیم اور علاج مفت ہونے کے ساتھ خواتین کے لیے ٹرانسپورٹ مفت ہے۔ سات سال میں حکومت کا بجٹ 30 ہزار کروڑ سے 75 ہزار کروڑ کرنے کا سہرا بھی کیجریوال کے سر ہے جو اپنے لوگوں کو کرپشن جیسے ناسور سے بچانے کی ہر ممکن کوشش کر رہے ہیں۔ انہوں نے دہلی میں اتنے سی سی ٹی وی کیمرے لگوا دیے ہیں کہ لندن، نیویارک اور شکاگو کو پیچھے چھوڑ دیا ہے۔ آپ دہلی میں رہتے ہیں اور شناختی کارڈ، پاسپورٹ، ڈومیسائل یا کوئی سرکاری لائسنس بنوانا چاہتے ہیں۔ فون اٹھائیے اور متعلقہ دفتر سے رابطہ کر کے اپنی ضرورت بتا دیجیے۔ عملہ آپ کے گھر آ کر تمام پراسس مکمل کر کے گا اور آپ کو مطلوبہ دستاویز بھی گھر میں ہی پہنچائی جائے گی۔ کیجریوال کی پالیسیوں میں اس کی عام آدمی پارٹی کی مقبولیت کا اندازہ اسی سے لگا لیجیے کہ کانگریس اور بی جے پی جیسی پرانی پارٹیوں کو شکست دے کر بھارتی پنجاب میں بھی اس نے اپنی حکومت قائم کر لی ہے۔ آج عن ان کی مقبولیت کے خائف ہو کر مودی سرکار ان کے خلاف اوچھے ہتھکنڈوں پر اتری ہوئی ہے۔

اب ذرا ہمارے ہاں کا جائزہ بھی لے لیجیے۔ جو حکمران بھی آیا اس نے کرپشن اور اقربا پروری میں اضافہ ہی کیا۔ عوامی مسائل کا حل کسی بھی حکومت کی ترجیح رہا ہی نہیں۔ عوام کے نام پر لیے گئے قرضے حکمران اور اسٹیبلشمنٹ کھا جاتی ہے۔ قرضوں کی عوض گروی رکھی گئی عوام کو ریلیف دینے کی بجائے قرض اتارنے کے لیے ان پر بھاری ٹیکس اور مہنگائی کا عذاب نازل کر دیا جاتا ہے۔ سکولوں کے اساتذہ کو سال سال بھر تنخواہیں ادا نہیں کی جاتیں۔ سڑکوں اور عمارتوں کے ٹھیکے من پسند ٹھیکیداروں یا اپنے چہیتوں کو دلوا کر تجوریاں بھری جاتی ہیں۔ آٹے اور ادویات مہنگی اور زندگی سستی کر دی جاتی ہے۔ یہ کاروبار تعلیمی نظام اور ناکارہ طبی سہولیات کی وجہ سے ہر سال لاکھوں بے کار ڈگری ہولڈر پیدا کیے جا رہے ہیں جن کا مستقبل تاریک ہے۔ وہ نوجوان اپنی ڈگریاں اٹھائے اور اینٹ ہونے تک نوکری کی درخواستیں ہی دیتے رہتے ہیں۔ ان کے پاس کوئی ہنر ہوتا ہے اور نہ کوئی بزنس آئیڈیا۔ قرض کو وظائف اور خیرات پر لگا دیا گیا ہے۔ عوام کو ہنر مند بنانے کی بجائے بھکاری بنا دیا گیا ہے۔ تعلیم، صحت اور بجلی جیسی بنیادی ضروریات عوام کو مفت مہیا کرنا ریاست کی ذمہ داری ہے مگر انہیں اتنا مہنگا کر کے عوام کی پہنچ سے دور کر دیا گیا ہے۔ کوئی بھی اپنی ایم این اے، ایم پی اے، وزیر، مشیر یا سرکاری افسر اپنے بچوں کو سرکاری تعلیمی اداروں میں داخل کروانے کو تیار نہیں کہ یہ تو عام اور بے کار لوگوں کی اولاد کے لیے بنائے گئے ہیں جن میں سہولیات کا شدید فقدان ہے۔ ہماری حکمران ایلیٹ کلاس نے طبقاتی فرق کی جو جگہ نمایاں کر رکھا ہے۔ ایلیٹ کلاس نے تمام مراعات پر قبضہ کر رکھا ہے۔ عوام کو مفت آٹا اور بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کی بھاری مہارت جیسے بھی قبول ہو جائے کہ وہ بیچارہ جسے سہارا کا نرکویک انسان سمجھتا تھا! ابھی سوچھوں میں گم میں نے جا کر دروازہ کھولا ہی تھا کہ بڑی بڑی مونچھوں کو تیل لگا کے اپنے ذکر کے ساتھ چودھری فقیر حسین کھڑا تھا۔ بیگی کا سوٹ ہاتھ میں راڈ گھڑی انگلیوں میں نیچے چترون والی سونے کی انگوٹھیاں اور گلا کالکٹ مجول راہا تھا پاؤں میں رشتی ناروں والی سنہری کفشہ نما جوتی چودھری پورے ظاظہ ہاتھ سے آیا تھا کیونکہ چودھری بچپن سے دبی کئی سمجھن اور خاص نفوذ آگیا تھا اس لیے چودھری صاحب کے مساموں جلد سے گھی تیل لگ رہا تھا جم میں وافر چربی گاھون کر رہی تھی جسے جلد کا رنگ تانبے کی طرح دھنک رہا تھا جیسے دیکھتے ہی چودھری صاحب نے میرے نام کا نعرہ بلند کیا اور جیسی کے لیے مجھے اپنے طاقتور بازوؤں میں دبوچ لیا میں نے کچھ گرم جوشی کا مظاہرہ کرنے کی کوشش کی لیکن چودھری صاحب کی جسمانی طاقت مجھ فقیر پر سبقت لے گئی چودھری صاحب نے بار بار مجھے بھینچ ڈالی اور مجھے اچھی طرح دبوچنے کے بعد چہرہ صاحب اندر آ کر کرسی پر میرے سامنے بیٹھ گئے نوکر نے دیہات کی سوغاتیں لا کر رکھنا شروع کر دیں چودھری صاحب نے آئے

خدا کے فرشتے

تحریر: پروفیسر محمد عبداللہ بھٹی

چھٹی کے دن میں آرام سکون کی لذت کے لیے کوئی دھوب کو آرام دہ چارپائی نرم گداز تکیے کے ساتھ آنکھیں موندے لیٹا ہوا تھا کہ ملازمہ نے آ کر کہا باہر چٹے والے چودھری صاحب آئے ہیں تو مجھے لگا چودھری فقیر حسین آیا ہے کیونکہ وہ ہمیشہ رمضان کے آغاز میں ضرور تشریف لاتا ہے تو بدلتے موسموں کے ساتھ سردی گرمی میں بھی دیہات کے سوغاتوں کے ساتھ آتا اور اپنی محبت کا احساس دلاتا لیکن ہر سال رمضان سے ایک دو دن پہلے موسمی پھلوں دیسی گھی دیسی انڈوں دیسی مرغیوں کا گوشت شکر بادام والا گڑ لے کر حاضر ہو جاتا چہرے پر زندگی سے بھرپور مسکراہٹ سجائے کہتا تو جناب رمضان کے بھاری مبارکبادیں ہمارا بھی حصہ ذالیں ہم تو ٹھاہ گار بندے ہیں پتہ نہیں تمام روزے تو قبول ہوتے ہیں یا کہ نہیں جبکہ آج جب ان چیزوں سے جب سحری افطاری کریں گے تو ہماری مبارکبادیں بھی قبول ہو جائے گی وہ بیچارہ سحیہ سیاہ کا نرکویک انسان سمجھتا تھا! ابھی سوچھوں میں گم میں نے جا کر دروازہ کھولا ہی تھا بڑی بڑی مونچھوں کو تیل لگائے اپنے ذکر کے ساتھ چودھری فقیر حسین کھڑا تھا ہاتھ میں راڈ گھڑی انگلیوں میں نیچے چترون والی سونے کی انگوٹھیاں اور گلا کالکٹ مجول راہا تھا پاؤں میں رشتی ناروں والی سنہری کفشہ نما جوتی چودھری پورے ظاظہ ہاتھ سے آیا تھا کیونکہ چودھری بچپن سے دبی کئی سمجھن اور خاص نفوذ آگیا تھا اس لیے چودھری صاحب کے مساموں جلد سے گھی تیل لگ رہا تھا جم میں وافر چربی گاھون کر رہی تھی جسے جلد کا رنگ تانبے کی طرح دھنک رہا تھا جیسے دیکھتے ہی چودھری صاحب نے میرے نام کا نعرہ بلند کیا اور جیسی کے لیے مجھے اپنے طاقتور بازوؤں میں دبوچ لیا میں نے کچھ گرم جوشی کا مظاہرہ کرنے کی کوشش کی لیکن چودھری صاحب کی جسمانی طاقت مجھ فقیر پر سبقت لے گئی چودھری صاحب نے بار بار مجھے بھینچ ڈالی اور مجھے اچھی طرح دبوچنے کے بعد چہرہ صاحب اندر آ کر کرسی پر میرے سامنے بیٹھ گئے نوکر نے دیہات کی سوغاتیں لا کر رکھنا شروع کر دیں چودھری صاحب نے آئے کے توڑے اور چاولوں کے توڑے کی طرف اشارہ کر اور بولے جناب یہ خالص مٹی اور دیسی کھاد کی بوری پیداوار ہیں اس میں کسی قسم کی مصنوعی کھاد یا بیج نہیں لیکن کیا آپ نے اس کو کھانا ہے پھر ہاتھ میں پکڑی سنہری بوتل جس میں شاید شہد بھرا ہوا تھا بولے یہ بیری کا خالص شہد ہے جو بادشاہوں کو نصیب ہوتا تھا آجکل تو جعلی شہد ملتا ہے یہ اپنی فصلوں اور بیریوں کا شہد ہے جس کے قطرے قطرے میں آپ حیات ہے کہ آپ جیسے خالص لوگوں کے لیے یہ خالص تحفہ ہے پھر وہ شرارت گڑ کے قصیدے پڑھنے لگے میں چودھری صاحب کی طرف ستائش نظروں سے دیکھ رہا تھا اور ساتھ میں تعریفی کلمات بھی ادا کر رہا تھا اصل میں ہر چیز کی ضرورت سے زیادہ تعریف اس لیے کر رہا تھا کہ چودھری خوش ہو جائے کسی کو خوش کرنا اس ڈپریشن زدہ معاشرے میں بہت بڑی نیکی کا کام ہے میں نے گھر میں دودھ پتی اور خالص برفی کا آرڈر دیا خود چودھری صاحب کے ساتھ خوش گپیوں میں مصروف ہو گیا چودھری صاحب میری زندگی کے خوصورت پر جوش کرداروں میں سے ایک ہیں جو اندر سے خلوصورت کینہ بغض حسد سے پاک جن سے مل کر پاس بیٹھ کر حقیقی خوشی احساس ہوتا ہے چودھری زندگی کے شوخ حقیقی رنگوں سے بھرا ہوا انسان جن سے مل کر زندگی کا خوشی کا احساس ہوتا کیونکہ یہ تعلق بھی دیہات سے ہے اس لیے میری اور چودھری صاحب کی بہت ساری عادتیں ملتی ہیں مشترکہ شوق رکھنے کی وجہ سے بھی ہماری دوستی ابتدائی چند ملاقاتوں کے بعد ہی پختہ ہو گئی چودھری صاحب دس سال پہلے کسی لڑکی کے عشق میں مبتلا رانجھا بنوں میرے پاس آیا چاٹ گریبان لڑکی ناراض تھی چودھری صاحب شادی شدہ ہونے کے باوجود اس کے عشق میں بری طرح مبتلا ہو گئے تھے لڑکی ناراض ہوئی تو پاگلوں کی طرح باہوں کے آستانوں پر ماتھا رگڑنے لگے میرے پاس آئے تو ان کے ذاتی ملازم نے مجھے الگ جا کر بتایا چودھری نام کا چودھری نہیں بلکہ دل کا حقیقی چودھری ہے جو ہم جیسے ملازموں کی بڑی خوشی میں شریک ہوتا ہے ہماری ساری ضرورتیں پوری کرتا ہے لہذا مجھے چودھری پسند آیا اور میرے قریب ہوتا چلا گیا پھر دنوں بعد ہی چودھری کی محبوبہ سے صلح ہو گئی تو چودھری بہت خوش اب وہ لگاتار بہانوں سے میرے پاس آنا شروع ہو گیا ایک دن پوچھا جناب یہ خالص شہد ہے میں نے بتایا خود کھا کے رنگ میں رنگنا اور صرف اللہ سے عشق کرنا ہر اُس کی تلقین ہے حقیقی محبت کرنا تو چودھری صاحب بولے مجھے بھی فقیری میں لے چلو تو میں نے وعدہ کیا اِدی دوران اُس لڑکی نے کسی دوسرے سے شادی بھی کر لی تو چودھری بولا لڑکی یار کب سے اب میں کسی دنیاوی عشق میں نہیں پڑوں گا اب میں نے اللہ کے ناموں کے ذکر پر لگایا تو چودھری تو راتوں کو جاگ کر خدا کا ذکر کرنا بہت اچھا لگا اب چودھری ایک قسم کا میرا مرید بنا سٹوڈنٹ بھی تھا ایک دن چودھری بولا سر جی کوئی ایسا طریقہ یا تکنیکی تعاکیں جو خالص اور ہر حال میں قبول ہوتی ہو تو میں بولا ہر چودھری تم کا وُں میں موتھبارے پاس بہت سے غریب ہوتے ہیں جو ہم سے مانگتے ہیں جو تم اُن کی مدد کرتے ہو لیکن ان میں چند ایسے سفید پوش بھی ہوتے ہیں جو مانگ نہیں سکتے کیونکہ کسی سے کچھ مانگنا ایسے ہی ہے جیسے مرغی کی بلی صراط کراس کرنا کوئی سر کرنا ناممکن پار کرنا سفید پوش کسی کے سامنے ہاتھ پھیلانے سے پہلے کتنی راتیں جاگتا ہے نیند نہیں آتی کہ کس کے در پر جا کر کن الفاظ کے ساتھ مانگوں گا لہذا اپنے اطراف میں ایسے سفید پوشوں کی تلاش میں رہو ہر گاہ ان کی مدد خود کرو رات کے اندھیرے میں راتوں ان کے دروازے پر رکھ دو یا کسی دوسرے بندے کے ذریعے پہنچے راتوں ان تک پہنچاؤ اور کبھی نیکی بندے نے خاموشی سے مدد کی ایسی نیکی جس میں دکھاوا نہیں ہوگا لینے والے کی دل آزاری نہیں ہوگی یقیناً قبول ہوگی چودھری صاحب نے اس طرح سفید پوشوں کی مدد شروع کی پھر چودھری صاحب کو اس نیکی کا چسکا پڑ گیا آج چودھری صاحب کو کسی سفید پوش کا پتہ ہو تو بتا دیں تاکہ میں اُس کی مدد کر سکوں اور بولا ہر چودھر صاحب جب میں کسی سفید پوش کے گھر کے باہر راشن رکھتا ہوں تو اُکھڑ جتے کہتے ہیں رات کو اللہ کے فرشتے راشن دے گئے ہیں چودھری ایسے ہی سارے واقعات سنا نے لگا مجھے بھی بہت اچھا لگا کہ ایسے لوگ جو کسی سفید پوش کی مدد اُس کے سامنے آئے بغیر کرتے ہیں وہ واقعی خدا کے فرشتے ہوتے ہیں جو انسانوں کے بھیس میں وکھی انسانوں کے دکھ مٹاتے ہیں چودھری صاحب ڈھیر ساری کہنی کے بعد جانے لگے تو میں نے بھی ڈالی اور بولا یار چودھری تم تو واقعی خدا کے فرشتے ہیں لگے ہو جو بندوں کا دُکھ لگا کر پرلا ناں ہی میں تو فقیر گناہ گار ہوں۔

شوبز SHOWBIZ

مداح نے ملاقات کے وقت ماہرہ خان کا ہاتھ پکڑ لیا

ایک خاتون مداح ماہرہ خان کو دیکھ کر رونے لگیں، مداح کو روتا دیکھ کر اداکارہ نے انہیں گلے لگایا

کراچی (این این آئی) پاکستان کی صف اول اداکارہ ماہرہ خان کی ماحوں سے ملاقات کی جنہائی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہو رہی ہیں۔ حال ہی میں ماہرہ خان نے کراچی کے ایک شاپنگ مال میں اپنے مداحوں سے ملاقات کی جس جہاں وہ نوجوان ماحوں سے گلے ملیں اور اُن کے ساتھ سلفیاں بھی بنائیں۔ سوشل میڈیا پر وائرل ویڈیو میں دیکھا جا سکتا ہے کہ ایک خاتون مداح ماہرہ خان کو دیکھ کر رونے لگیں، مداح کو روتا دیکھ کر اداکارہ نے انہیں گلے لگایا اور پھر مداح کو آٹوگراف بھی دیا۔

لوگ اداکاروں سے زیادہ کھلاڑیوں کو آئیڈیلائز کرتے ہیں

لازمی نہیں مسیح کرینا لے کر کنٹرز غیر شادی شدہ ہوں، اداکارہ نوال سعید

کراچی (این این آئی) پاکستانی اداکارہ و ماڈل نوال سعید ٹیکٹوکرز کی جانب سے موصول ہونے والے پیغامات پر ایک بار پھر بات کرتے ہوئے کہا کہ کنٹرز کو ایسے میسجز نہیں کرنے چاہیں کیوں کہ لوگ انہیں آئیڈیلائز کرتے ہیں۔ نجی ٹی وی میں میزبان نے اداکارہ نوال سعید کو تنگ کرتے ہوئے پوچھا کہ آپ کے کوئی بیان کسی وجہ سے دیا یہ یاد دلایا کہ انہیں بھی رات لگے کرنٹرز کے میسجز آتے ہیں، پر پہلے تو نوال نے ہنستے ہوئے کہا کہ وہ اس پر اب کوئی بات نہیں کرتا چاہتیں، پھر کرنٹرز کو ایسے میسجز نہیں کرنے چاہیں کیوں کہ لوگ انہیں آئیڈیلائز کرتے ہیں۔ نجی ٹی وی میں میزبان نے اداکارہ نوال سعید کو تنگ کرتے ہوئے

اظہار پارٹیز کی تصاویر شیئر کرنیوالے مظلوم فلسطینیوں کا خیال کریں، مشی خان

دو تین ویڈیوز میں فلسطینیوں کو اظہار میں گھاس ابال کر پیتے دیکھا ہے

کراچی (این این آئی) معروف پاکستانی اداکارہ مشی خان اُن اداکاروں میں کہ جو اپنی اظہار پارٹیز کی تصاویر سوشل میڈیا پر شیئر کرنا بالکل پسند نہیں کرتیں اور بولا جب اسرائیلی بربریت کا شکار مظلوم فلسطینیوں کے پاس کھانے کو کچھ نہیں ہے۔ مشی خان نے فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ ایپ انسٹاگرام پر اپنی ایک ویڈیو شیئر کی۔ جس میں انہیں ایسے لوگوں کو آڑے ہاتھوں لیتے دیکھا جا سکتا ہے جو سوشل میڈیا پر اپنی شاندار اظہار پارٹی کی تصاویر شیئر کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ میں نے سوشل میڈیا پر دو تین ویڈیوز میں فلسطینیوں کو اظہار میں گھاس ابال کر پیتے دیکھا ہے۔

2018 میں 90 فیصد ہٹیوں سمیت بہت کچھ کھویا، آغا علی

99 فیصد لوگ مجھے برا بھلا بولتے تھے اور میں خود کو سوشل میڈیا پر بطور ولن ہی دیکھا کرتا تھا

کراچی (این این آئی) معروف اداکارہ میزبان آغا علی نے انکشاف کیا ہے کہ سال 2018 ان کی زندگی کا مشکل ترین برس تھا جس میں انہوں نے کافی کچھ کھویا۔ آغا علی اداکارہ اہر خان نے حال ہی میں نجی ٹی وی کی رمضان ٹرانسمیشن میں بطور مہمان شرکت کی جس میں دونوں اداکاروں نے اپنی زندگی کے مختلف پہلوؤں پر گفتگو کی۔ اداکار نے بتایا کہ 2018 ایک ایسا سال تھا جس میں انہوں نے اپنے 90 صد پسند ایک جگہ انویسٹ کیا تھا اور وہ پیسہ ڈوب گیا۔ آغا کا کہنا تھا کہ اس سال ان کا ایک قانونی مقدمہ (رمادانی مع کا) بھی ڈوب گیا

کرسٹن ڈنسٹ کی اگلی نئی فلم "مسول وار" 12 اپریل کو ریلیز ہوگی

ہیلی وڈ (این این آئی) امریکی اداکارہ کرسٹن ڈنسٹ نے ہالی وڈ میں خواتین کے مقابلے میں مرد اداکاروں کو زیادہ معاوضہ ملنے پر شکوہ کر دیا۔ ایک انٹرویو کے دوران 44 سالہ کرسٹن ڈنسٹ نے کہا کہ میں ایسے وقت میں نجی ہوئی جب میرے لیے مردسالحی اداکاروں کے درمیان معاوضے میں بڑا فرق تھا۔ اداکارہ نے کہا کہ مجھے مرد ساتھی اداکاروں سے کم معاوضہ دیا گیا حالانکہ 1995 اور 2002 میں خواتین کے مقابلے میں مرد اداکاروں کو زیادہ معاوضہ ملتے پر شکوہ کر دیا۔ ایک انٹرویو کے دوران 44 سالہ کرسٹن ڈنسٹ نے کہا کہ میں ایسے وقت میں نجی ہوئی جب میرے لیے مردسالحی اداکاروں کے درمیان معاوضے میں بڑا فرق تھا۔ اداکارہ نے کہا کہ مجھے مرد ساتھی

عالیہ بھٹ کی جانب سے شو میں شرکت کیلئے ہوشربا رقم کا مطالبہ

نیٹ فلکس عالیہ بھٹ کی فیس کے مطالبات کو پورا نہیں کر سکا

ممبئی (آئی آئی پی) بالی ووڈ کی سپر سٹار اداکارہ عالیہ بھٹ کی جانب سے شو میں شرکت کے لیے ہوشربا رقم کے مطالبے نے کیل شو ساتھ تنظیم سے ہوش اڑا دیے۔ بھارتی سوشل میڈیا پر رپورٹس کے مطابق کیل شو کے نیٹ فلکس ورژن میں شرکت کیلئے عالیہ بھٹ کی جانب سے طلب کی گئی فیس اس شو میں شرکت سے محروم کر گئی۔ بتایا جا رہا ہے کہ نیٹ فلکس عالیہ بھٹ کی فیس کے مطالبات کو پورا نہیں کر سکا، تھنکی ہرتیک کے لیے ایک خصوصی بجٹ مختص کرتی ہے جس سے تھاوز کرنا ممکن نہیں تھا۔

کرینہ، تبو، کریتی کی فلم "کریو" باکس آفس پر مستحکم

فلم نے مجموعی طور پر 6 دنوں میں 40 کروڑ 70 لاکھ بھارت روپے کما لیے

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ اداکارہ کرینہ کپور، تبو اور کریتی سین کی فلم "کریو" باکس آفس پر آہستہ آہستہ پیسے کمانے میں مصروف ہے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق اس فلم کے ڈائریکٹر راجیش اے کرشن ہیں اور یہ فلم 29 مارچ کو ریلیز ہوئی تھی۔ بھارتی میڈیا کے مطابق فلم نے پہلے دن بھی کو بھارت میں 10 کروڑ 28 لاکھ بھارتی روپے کا بزنس کیا تھا جبکہ دوسرے دن فلم 9.6 کروڑ روپے کما سکی تھی۔ بھارتی سوشل میڈیا کے مطابق فلم کے بزنس میں جس سے کمی کا سلسلہ شروع ہوا جو دوبارہ بڑھنے کی طرف نہ آسکا اور فلم نے مجموعی طور پر 6 دنوں میں 40 کروڑ 70 لاکھ بھارت روپے کما لیے ہیں۔ فلم "کریو" کی کہانی 3 سہیلیوں کے گرد گھومتی ہے جو کھو ہوئی ایئر ہوسٹس کے لیے لکین کریو ممبرز کے طور پر کام کرتی ہیں۔

SPORTS سپورٹس

احسان اللہ کی انجری سے متعلق غلط تشخیص، محسن نقوی ڈاکٹرز پر برہم

احسان اللہ کی غلط سرجری کے بعد اب برطانیہ میں خصوصی علاج کی ضرورت ہے

اسلام آباد (اے ایف پی) قومی ٹیم کے فاسٹ بولر احسان اللہ کی انجری سے متعلق غلط تشخیص پر چیئرمین پاکستان کرکٹ بورڈ ولی جی برہم ہو گئے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق فاسٹ بولر احسان اللہ کی ایک سینئر ڈاکٹر سپیشلسٹ پی سی بی حکام نے ایمرجنسی طور پر ان کی غلط تشخیص کی اور غلط سرجری ہوئی، جس کے نتیجے میں کرکٹر پیچیدگیاں اور سیریز سے باہر ہو گئے۔ احسان اللہ کی غلط سرجری کے بعد اب برطانیہ میں خصوصی علاج کی ضرورت ہے، جس کے اخراجات پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) کی فرنچائز ملتان سلطانز برداشت کر رہی ہے۔

شاہین کو ہمیشہ کپتانی سے دور رکھنے کی کوشش کی: شاہد آفریدی

سابق چیئرمین پی سی بی کو محمد رضوان کو وائٹ بال کا کپتان بنانے کا مشورہ دیا تھا

لاہور (اے ایف پی) پاکستان کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان شاہد آفریدی نے کہا ہے کہ شاہین آفریدی کو ہمیشہ کپتانی سے دور رکھنے کی کوشش کی، خوصیت کئی سال کپتانوں کا اقتام اپنا چین دیکھا۔ شاہد آفریدی نے کہا کہ میں چاہتا تھا کہ شاہین آفریدی بابر کرکٹ پر توجہ دیں، شاہین آفریدی لالا اور قلندرز سے کپتانی کی آفرآتی تو میں نے کہا کہ اس سے دور رہو۔ شاہد آفریدی کا کہنا تھا کہ کپتانی کے معاملے میں شاہین آفریدی نے میری بات نہیں مانی۔ قومی کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان نے مزید کہا کہ سابق چیئرمین پی سی بی محمد رضوان کو وائٹ بال کا کپتان بنانے کا مشورہ دیا تھا۔

آسٹریلیا کی کلیر پولماک پاکستان ویسٹ انڈیز ویمن سیریز میں امپائرنگ کریں گی

5 ڈی ٹیکنیکی دورے میں شامل ہیں، ہیڈ ٹیم 8 سپیشلسٹ بیٹنگ اسٹیلمز کے کھیلے جائیں گے۔ ون ڈے سیریز میں سابق ٹیسٹ بیٹر اور پی سی بی اور آئی سی سی ایلیٹ پینل آف ایمپائر ریفری جیکب ہارپر کی قیادت کریں گے کلیر پولماک کے ساتھ جواد الغنیت، عمران جاوید اور علی نقوی بطور پی سی بی ایلیٹ پینل آف ایمپائرز کا حصہ ہیں جو ون ڈے سیریز کے دوران آن فیلڈ ایمپائرز کے فرائض سرانجام دیں گے۔

سڈنی (اے ایف پی) آسٹریلیا کی کلیر پولماک کراچی میں پاکستان اور ویسٹ انڈین کرکٹرز کے درمیان سیریز میں ایمپائرنگ کے فرائض انجام دیں گی۔ آسٹریلیا کی کلیر پولماک کے ساتھ جواد الغنیت، عمران جاوید اور علی نقوی بطور پی سی بی ایلیٹ پینل آف ایمپائرز ویسٹ انڈیز ویمنز ون ڈے سیریز کا آئی سی سی ویمنز میچنگ شپ کا حصہ ہے۔ اس کے علاوہ

نیوزی لینڈ ویمن اور انگلینڈ ویمن ٹیموں کے درمیان تیسرا اور آخری ون ڈے میچ 7 اپریل کو کھیلا جائے گا

بھلٹن (اے ایف پی) نیوزی لینڈ اور انگلینڈ کی خواتین کرکٹ ٹیموں کے درمیان ایک روزہ بین الاقوامی میچوں پر مشتمل سریز کا تیسرا اور آخری میچ 7 اپریل کو سڈن پارک، بھلٹن میں کھیلا جائے گا۔ برطانوی خواتین ٹیم نو نیو

لقیہ 1

روکرواٹی پر اصرار اضطراب لاوارث ہے، تقیہ تعمیر کے مسئلے کا حل تعمیری عوام کی خواہشات، اقوام متحدہ قراردادوں کا احترام ہے، تقیہ تعمیر کے مطابق محرمات کو ہفتہ وار میڈیا بریفنگ دینے سے ترجمان وزارت خارجہ نہ تنازعہ زیرِ اطراف کے کہ کہ ہم نے ترجمان وزارت خارجہ کے ذریعے کہا کہ ہم نے ہمیشہ کہا ہے کہ ہم کشمیر کے مسئلے کو اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق حل کرنے کے لئے کام کر رہے ہیں، ہم نے عوام کو بتای

نجی تعلیمی ادارے حکومت کے اہم اسٹیک ہولڈر ہیں

شرح خواندگی بڑھانے میں نجی تعلیمی اداروں کا کردار نہایت اہمیت کا حامل ہے، حکومت پنجاب نجی شعبے کی خدمات کی معترف ہے

چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی راولپنڈی محمد یاسین خان بلوچ کا پیسا تحصیل کلرسیداں کے مجوعے داران سے خطاب

راولپنڈی (عمدالرحمان سے) نجی تعلیمی ادارے حکومت کے اہم اسٹیک ہولڈرز ہیں۔ شرح خواندگی بڑھانے میں نجی تعلیمی اداروں کا کردار نہایت اہمیت کا حامل ہے۔ حکومت پنجاب نجی شعبے کی خدمات کی معترف ہے اور قدر کرتی ہے۔ ان خیالات کا اظہار چیف ایگزیکٹو آفیسر ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی راولپنڈی محمد یاسین خان بلوچ نے تحصیل کلرسیداں کے مجوعے داران کی طرف سے دیئے گئے اعلیٰ ظرف کے موقع پر کیا۔ اظہار خیال کرتے ہوئے